ایسے آدمیوں سے ملنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ وہاں کام کرنے میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اسے بتا دینا بہت ضروری تھا۔ بڑی عجیب بات ہے کہ تم آج وقت پر آ گئے ہو۔ اس پاگل لڑکی سے شادی کرنے میں کوئی عقلمندانہ بات نہیں ہے۔ یہ سچ نہیں ہے کہ اس نے کوئی ترکہ پیچھے چھوڑا ہے۔ گندی بات کرنا بڑی بُری بات ہے۔ انگلش پڑھنا بہت مشکل بات ہے۔

Behind

He Attacks From Behind.	وہ پیچھے سے وار کرتا ہے۔
You Are Behind Mein English	تم انگلش میں بہت سے پیچھے ہو۔
He Left Nothing Behind.	اس نے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔
We Are A Long Way Behind.	ہم کافی پیچھے ہیں۔
There Is Some One On Your Behind.	تمہارے پیچھے کوئی ہے۔

ENGLISH COURSE 56TH DAY -- انگلش سیکھنے کا چھپنواں دن

Present Tenses

Simple

He Is A Teacher. وہ ایک استاد ہے۔

She Is My Sister. وہ میری بہن ہے۔

We Are Muslims. ہم مسلمان ہیں۔

Progressive

I Go To School. میں سکول جا رہا ہوں۔

She Is Working. وہ کام کر رہی ہے۔

We Are Sleeping. ہم سو رہے ہیں۔

Indefinite

I Go To School. میں سکول جاتا ہوں۔

She Loves Me. وہ مجھ سے محبت کرتی ہے۔

You Tell A Lie. تم جھوٹ بولتے ہو۔

Perfect

We Have Drunk Tea. ہم نے چائے پی لی ہے۔

She Had Come Back. وہ واپس آ گئی ہے۔

I Have Told The Truth. میں نے سچ بات کی ہے۔

Perfect Progressive

I Have Been Sleeping. میں سوتا رہا ہوں۔

She Has Been Laughing. وہ ہنستی رہی ہے۔

We Have Been Working. ہم کام کرتے رہے ہیں۔

DOWN

Let's Walk Down The Road. آؤ سڑک کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔

He Kept Walking Down The River. وہ دریا کے ساتھ ساتھ چلتا رہا۔

I Fell Down The Stairs And Broke My Leg. میں سیڑھیوں سے گرا اور اپنی ٹانگ کٹوا بیٹھا۔

You Always Down Me. تم ہمیشہ مجھ پر بگڑ جاتے ہو۔

I Am A Little Down With Fever. — بخار کی وجہ سے میں ذرا بوجھل ہو گیا ہوں۔

Passives

ایکٹو وائس ایسے جملے کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کا کرنا پایا جائے۔ جیسے۔

I Punish. — میں سزا دیتا ہوں۔

اس میں کام کرنا یعنی سزا دینا پایا گیا ہے۔اور Passive Voice ایسے جملے کو کہتے ہیں جس میں کام کا کرنا نہیں۔ بلکہ ہونا پایا جائے جیسے۔

I Am Punished. — مجھے سزا ملتی ہے۔

اس میں میں کام کرتا نہیں بلکہ مجھ پر کام ہوتا ہے۔

Progressive

I Am Being Beaten. — مجھے مارا جا رہا ہے۔

She Is Being Abused. — اسے گالیاں دی جا رہی ہیں۔

You Are Being Called. — تمہیں بلایا جا رہا ہے۔

Indefinite

I Am Beaten. — مجھے مارا جاتا ہے۔

She Is Rebuked. — اسے ڈانٹا جاتا ہے۔

You Are Insulted. — تمہاری بے عزتی ہوتی ہے۔

Perfect

He Has Been Killed. — اس کا قتل کیا جا چکا ہے۔

I Have Been Informed. — مجھے اطلاع دی جا چکی ہے۔

You Have Been Conspired Against. — تمہارے خلاف سازش ہوئی ہے۔

Perfect Progressive

He Has Been Being Taught. — اسے پڑھایا جاتا رہا ہے۔

I Have Been Being Promoted. — مجھے ترقی دی جاتی رہی ہے۔

She Has Been Being Punished. — اسے سزا ملتی رہی ہے۔

INTO

He Burst Into Tears To See That. — یہ منظر دیکھ کر اس کے آنسو نکل پڑے۔

I Burst Into Laughters. — میں نے قہقہ مار کر ہنسنا شروع کر دیا۔

He Came Into Nothing. — اس کے کچھ ہاتھ نہ آیا۔

The Car bumped Into The tree.	گاڑی درخت میں جا لگی۔
You Are Into Nothing.	تمہارے پاس تو کچھ ہے نہیں باتیں ایسے کرتے ہو جیسے۔

ENGLISH COURSE 57TH DAY -- انگلش سیکھنے کا ستاسنواں دن

Past Tenses

Simple

He Was A Player.	وہ ایک کھلاڑی تھا۔
I Was A Student.	میں ایک طالب علم تھا۔
They Were Cheats.	وہ دھوکے باز تھے۔

Progressive

They Were Sleeping.	وہ سو رہے تھے۔
We Were Walking.	ہم چل رہے تھے۔
He Was Pestering Me.	وہ مجھے تنگ کر رہا تھا۔

Indefinite

She Came Home Late.	وہ دیر سے گھر آئی۔
I Told Him To Go.	میں نے اسے جانے کے لیے کہا۔
He Beat My Brother.	اس نے میرے بھائی کو مارا۔

Perfect

She Had Died.	وہ مر چکی تھی۔
He Had Learnt.	وہ سیکھ چکا تھا۔
I Had Gone.	میں جا چکا تھا۔

Perfect Progressive

I Had Been Working.	میں کام کرتا رہا تھا۔
She Had Been Waking.	وہ جاگتی رہی تھی۔
You Had Been Insulting Him.	تم اس کی بے عزتی کرتے رہے تھے۔

Above

We Are Above Formalities.	ہم تکلفات میں نہیں پڑتے۔
No One Is Above The Law.	قانون سے بالاتر کوئی نہیں ہوسکتا۔
You Are Above 50 Now.	اب تمہاری عمر پچاس سے اوپر ہوگئی ہے۔
They Are Above Me.	وہ مجھ سے اوپر کام کرتے ہیں۔
We Have People Above Ourselves.	ہمارے اوپر بھی لوگ ہیں۔
It's Above All Doubts.	یہ تمام شکوک وشبہات سے پاک ہے۔

Passive

Passive

I Was Being Trapped.	مجھے پھنسایا جارہا تھا۔
She Was Being Insulted.	اس کی بے عزتی ہورہی تھی۔
They Were Being Prisoned.	انہیں قید میں ڈالا جارہا تھا۔

Indifinite

You Were Sent To College.	تمہیں کالج بھیجا گیا تھا۔
They Were Insulted A Lot.	ان کی خوب بے عزتی ہوئی۔
She Was Born In Lahore.	وہ لاہور میں پیدا ہوئی تھی۔

Perfect

He Had Been Murdered.	اسے قتل کیا جاچکا تھا۔
It Had Been Repaired.	یہ مرمت ہوچکا تھا۔
I Had Been Transfered.	میری تبدیلی ہوگئی تھی۔

Perfect Progressive

It Had Been Being Watered.	اسے پانی دیا جاتا رہا تھا۔
I Had Been Being Taught.	مجھے پڑھایا جاتا رہا تھا۔
They Had Been Being Told.	انہیں بتایا جاتا رہا تھا۔

To

Go To Bed.	سوجاؤ۔
I Tried To The Best.	میں نے آخری دم تک کوشش کی۔

Be To The Point.	مطلب کی بات کرو۔
Can You Say That To His Face?	کیا اس کے منہ پر ایسا کہہ سکتے ہو۔
To What Extent?	کس حد تک۔
I Remember To This Day.	مجھے اس دن تک یاد ہے۔
To Me It's Just Right.	میرے خیال میں تو بالکل درست بات ہے۔
Go To The Doctor.	ڈاکٹر کے پاس جاؤ۔
I Fall To Your Feet.	میں تمہارے پاؤں پڑتا ہوں۔
Fall To The Ground.	زمین پر گرنا۔
Just To The Station.	ذرا اسٹیشن تک۔

ENGLISH COURSE 58TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اٹھانواں دن

Future Tenses

Simple

He Will Be Your Teacher.	وہ تمہارا استاد ہوگا۔
It Will Be Your Father.	یہ تمہارے ابو ہوں گے۔
She Will Be Your Wife.	وہ تمہاری بیوی ہوگی۔

Progressive

He Will Be Coming.	وہ آرہا ہوگا۔
I Will Be Going.	میں جارہا ہوں گا۔
It Will Be Happening.	ایسا ہو رہا ہوگا۔

Indefinite

He Will Come Back.	وہ واپس آجائے گا۔
I Will Hide Nothing.	میں کچھ نہیں چھپاؤں گا۔
They Will Laugh At You.	وہ تم پر ہنسیں گے۔

Perfect

He Will Have Failed.	وہ فیل ہوگیا ہوگا۔
She Will Have Come.	وہ آگئی ہوگی۔

انہیں پتہ چل گیا ہوگا۔ They Will Have Known.

Perfect Progressive

وہ پڑھتی رہی ہوگی۔ She Will Have Been Reading.

وہ جاگتے رہے ہوں گے۔ They Will Have Been Waking.

وہ سوتی رہی ہوگی۔ He Will Have Been Sleeping.

Before

طلوع آفتاب۔دوپہر۔چھ بجے۔رات۔غروب آفتاب سے پہلے Before Dawn,Noon,6'O Clock,Night,Unset.

میں نے ایسا کئی بار کیا ہے۔ Have Done This Many Times Before,

اب سے پہلے۔تب سے پہلے۔موت سے پہلے Before Now, Then, Death.

وہ کبھی بھی اس کے منہ پر کچھ نہیں کہہ سکتا۔ He Can Never Say Any Thing Before His Face.

Passive

Progressive

اسے بلایا جا رہا ہوگا۔ He Will Be Being Called.

انہیں مجبور کیا جا رہا ہوگا۔ They Will Be Being Forced.

اسے محبت ہو رہی ہوگی۔ She Will Be Being Loved.

Indefinite

تمہیں برخاست کر دیا جائے گا۔ You Will Be Dismissed.

اسے گولی ماردی جائے گی۔ He Will Be Shot.

ان کی عزت کی جائے گی۔ They Will Be Respected.

Perfect

اسے بچایا جا چکا ہوگا۔ He Will Have Been Saved.

اسے روکا جا چکا ہوگا۔ She Will Have Been Stopped.

تمہیں نامنظور کیا جا چکا ہوگا۔ You Will Have Been Rejection.

Perfect Progressive

ہماری مدد کی جاتی رہی ہوگی۔ We Will Have Been Being Helped.

اس کی خدمت کی جاتی رہی ہوگی۔ She Will Have Been Being Served.

I Will Have Been Being Blamed. مجھ پر الزام لگایا جاتا رہا ہوگا۔

Between

Break Between 12 And 1. بارہ اور ایک کے درمیان وقفہ۔

Between You And Me. کسی اور کو کانوں کان خبر نہ ہو۔

Money Was Divided Between A Son, Daughter And Friend. پیسے ایک بیٹے بیٹی اور دوست میں تقسیم کر دیئے۔

People Are Few And Far Between In Scotland. لوگ سکاٹ لینڈ میں کہیں کہیں دکھائی دیتے ہیں۔

Difference Between Right And Wrong. صحیح اور غلط میں فرق۔

I Live Between The Bank And The Office. میں بینک اور دفتر کے درمیان رہتا ہوں۔

ENGLISH COURSE 59TH DAY -- انگلش سیکھنے کا انسٹھواں دن

Worth

Life Would Not Be Worth Living. دوستی کے بغیر زندگی گزارنا بے معنی ہوگا کسی کام کا نہ ہوگا۔

The Place Is Not Worth Visiting. یہ جگہ سیر کے لائق نہیں ہے۔

He Is Worthless. وہ نکما ہے۔

I Am Worth Talking To. میں بات کرنے کے لیے کافی اہل ہوں۔

The Movie Is Not Worth Watching. یہ فلم دیکھنے کے لائق نہیں ہے۔

It's Time To - For

It Is Time To Go. اب جانے کا وقت ہو گیا ہے۔

It Is Time To Take Tea. چائے پینے کا وقت ہے۔

It Was Time To For Breakfast. ناشتے کا وقت تھا۔

It Is No Time To Play. یہ کھیلنے کا کون سا وقت ہے؟

It Is Time To Finish The Class. کلاس ختم کرنے کا وقت آ گیا ہے۔

It Is Time For The Class. جماعت کا وقت ہو گیا ہے۔

It Is Time For The Prayer. نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

Drill

Loot	لوٹ لینا	Lover	عاشق

Lost	کھویا ہوا	Liar	جھوٹا
Lope	لمبی لمبی چھلانگیں لگانا	Link	تعلق ہونا
Lull	لوری دینا	Loll	پڑے رہنا
Lust	شہوت	Lone	اکیلا
Lock	تالہ لگانا	Like Wise	اسی طرح
Ledge	بسیرا کرنا	Liking	پسندیدگی
		Hot Liver	عاشق مزاج

How Much Do You Know?

میرے خیال میں چھٹی کا وقت ہوگیا ہے۔اب سونے کا وقت ہوگیا ہے۔اس کے بغیر جانا کسی کام کا نہ ہوگا۔خدا حافظ کہنے کا وقت ہے۔ناشتہ کرنے کا یہ کون سا وقت ہے؟اس سے ملنے کا وقت ہوگیا تھا۔لیکن میں اس کی طرف نہ گیا۔

لینگویج نوٹس: Time کے بعد اگر فعل آئے تو ہم To لگاتے ہیں اور اگر اسم یا کوئی اور چیز ہو تو اس کے بعد For ہی آتا ہے۔ اس کے بعد ing نہیں آسکتی۔ It Is Time Going غلط ہے۔

ENGLISH COURSE 60TH DAY -- انگلش سیکھنے کا ساٹھواں دن

Some Out

Most Either

Much Neither

Both Half

Some Of My Friends Are Very Good.	میرے کچھ دوست بہت اچھے ہیں۔
I Spend Most Of My Time	میں اپنا زیادہ تر وقت سکول میں گزارتا ہوں۔
Much Of It Is Lost.	اس کا زیادہ حصہ گم گیا ہے۔
Both Of You Should Go Now.	تم دونوں کو اب چلے جانا چاہیے۔
It Is Out Question To Go Now.	وہاں جانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔
Either Side Is Wrong.	دونوں ہی غلطی پر ہیں۔
Neither Of You Is My Brother.	تم میں سے کوئی بھی میرا بھائی نہیں ہے۔
Half Of The Film Was Boring.	آدھی فلم تو بوریت والی تھی۔
It Is Out Of Question To Do So.	ایسا کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

Most People Dont't Like That. زیادہ تر لوگ اسے پسند نہیں کرتے۔

Some Of The Books Are In English. کتابوں میں سے کچھ کتابیں انگلش میں ہیں۔

Both Of Them Are Friends. دونوں دوست ہیں۔

Drill

Man Kind	بنی نوانسان	Marsh	دلدل
Manner	طریقہ	Martye	شہید کرنا
Marry	شادی کرنا	Masher	بانکا چھلا
Manage	انتظام کرنا	Mab	پری
Mad	پاگل		

How Much Do You Know?

اس کے دوست شادی کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارے کئی سپائی جنگ میں شہید ہو گئے۔ وہ اپنے زیادہ تر دن گھر سے باہر گزارتا ہے۔ اب اس سے کاروبار کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ زیادہ تر لوگ چھٹیوں میں مری جاتے ہیں۔ اس نے ہم دونوں کو محبت کی۔

لینگویج نوٹس :Out کو نکال کر اوپر دیئے گئے تمام الفاظ کے ساتھ آپ of صرف اسی صورت میں لگا سکتے ہیں اگر ان کے بعد My, It, The یا کوئی اور Pronoun ہو۔ اگر ان میں سے کوئی بھی نہ ہو تو of لگانا ممکن نہیں ہے۔ یعنی of لگانے کے لیے Noun سے پہلے ان چیزوں کا ہونا ضروری ہے جیسے (Some Of Friendds) کہنا غلط ہے لیکن (Some Of My Friends) ٹھیک ہے۔

ENGLISH COURSE 61TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اکسٹھواں دن

Go

What Is Going? کیا ہو رہا ہے؟

How Did Your Visit Go? تمہاری سیر کیسی رہی؟

How's Your Work Going? تمہارا کام کیسا چل رہا ہے؟

You Are Going Too Far. تم حد سے بڑھ رہے ہو۔

She's Going Mad. وہ تو پاگل ہوئی جا رہی ہے۔

My Money's Gone. میرے پیسے چوری ہو گئے ہیں۔

Where Were You Gone? تم کہاں گئے ہوئے تھے۔

This Road Goes To Green Town. یہ سڑک گرین ٹاؤن جاتی ہے۔

Things Are Going Bad.	حالات خراب ہو رہے ہیں۔
Is Your Watch Going Well?	کیا تمہاری گھڑی ٹھیک چل رہی ہے؟

Do

Let's Do The Museum.	آؤ عجائب گھر کی سیر کریں۔
Do You Hair?	اپنے بال سنوارو۔
Do Your Nose?	اپنا ناک صاف کرو۔
Who'll Do The Room?	کمرہ کون صاف کرے گا۔
Do The Dishes.	برتن دھوؤ۔
She Is Doing My Car.	وہ میری کار صاف کر رہی ہے۔
Do The Flowers.	پھولوں کو سجاؤ۔
I Have Nothing To Do With You.	میرا تمہارے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔
I Can't Do Without It.	میں اس کے بغیر گزارہ نہیں کرسکتا۔
I Can't Do with It.	میں اس کے ساتھ گزارا نہیں کرسکتا۔
It'll Do Us For A Table.	یہ ہمیں میز کا کام دے گی۔

Drill

Memory	یادداشت	Mettle	جرات
Mend	درست کرنا	Mighty	طاقتور
Merciful	رحیم	Migrate	ہجرت کرنا
Method	طریقہ کار	Mince	قیمہ
Melt	پگھلنا	Maxim	معقولہ
Meadow	چراگاہ		

ENGLISH COURSE 62TH DAY -- انگلش سیکھنے کا باسٹھواں دن

Dare

How Dare You Say That?	تمہیں ایسا کہنے کی جرات کیسے ہوئی ؟
Don't Dare Do That Again.	دوبارہ ایسا کرنے کی جرات مت کرنا۔
No Body Dared Ask Him.	اس سے پوچھنے کی کسی نے بھی جرات نہ کی۔
I Dare Say He Won't Come.	مجھے لگتا ہے کہ وہ نہیں آئے گا۔
She Dared Me To Jump.	اس نے مجھے چھلانگ لگانے کا چیلنج کیا۔

Sick Of

I Am Sick Of You.	میں تم سے تنگ آ گیا ہوں۔
Why Are You So Sick Of Life?	تم زندگی سے اتنے بیزار کیوں ہو؟
I Am Not Sick Of Watching Movies.	میرا فلمیں دیکھنے سے جی نہیں بھرا۔
Aren't You Sick Of It Yet?	کیا تمہارا اس سے ابھی جی نہیں بھرا؟
What Are You Sick Of?	تم کسی چیز سے تنگ آئے ہوئے ہو۔
She Is Sick Of Children.	بچوں سے اس کا جی بھر گیا ہے۔
I Am Not Sick Of Learning English.	انگلش سیکھنے سے میرا جی نہیں بھرا۔
He Is Sick Of Walking.	وہ چل چل کر تنگ آ گیا ہے۔

Sick For

I Am Sick For My Mom.	مجھے اپنی امی یاد آ رہی ہے۔
Who Are You Sick For?	تم کسی کے لیے اداس ہو؟
I Am Sick For You.	مجھے تمہاری یاد ستا رہی ہے۔

How Much Do You Know?

تمہیں یہاں آنے کی جرات ہوئی ؟ مجھے لگتا ہے کہ ہم وہاں وقت پر نہیں پہنچ سکیں گے۔ میں نے اسے ایسا کرنے کے لیے للکارا۔ میں انگلش بول بول کر تنگ آ گیا ہوں۔ وہ اپنے کام سے کبھی بھی تنگ نہیں آتا۔ اسے کھوئی ہوئی جوانی یاد آ رہی ہے۔ وہ میرے لیے اداس نہیں ہے۔ وہ پاپ میوزک سُن سُن کر تنگ آ گیا ہے۔ وہ پاکستان سے اکتا گیا ہے۔

ENGLISH COURSE 63TH DAY -- انگلش سیکھنے کا تریسٹھواں دن

Through

He Is Through And Through Honest.	ایمانداری اس میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔
That's All Through Me.	یہ سب میری وجہ سے ہوا ہے۔
Through The Night, The Day , The Year.	ساری رات۔ سارا دن۔ سارا سال

What Ever

What Ever You Do Is Wrong.	تم جو کچھ کرتے ہو غلط کرتے ہو۔
I'll Bring You What Ever You Neend.	آپ کو لائے دیتا ہوں جو کچھ بھی چاہیئے۔
She'll Give What Ever You Want.	وہ تمہیں دے گی جو کچھ بھی تمہیں ضرورت ہو۔
Take Out What Ever You Have.	جو کچھ بھی ہے باہر نکالو۔
I Know What Ever You Do.	جو کچھ بھی تم کرتے ہو مجھے پتہ ہوتا ہے۔
What Ever You Bring.	تم جو کچھ بھی لے آو۔

Who Ever

Come Out Who Ever You Are.	تم جو کوئی بھی ہو باہر نکل جاؤ۔
Who Ever Comes To Pakistan Praises It.	جو کوئی بھی پاکستان آتا ہے اس کی تعریف کرتا ہے۔
Who Ever You Are, I Don't Care.	تم جو کوئی بھی ہو مجھے پرواہ نہیں ہے۔
Who Ever You Want, Stay Out.	تمہیں جس کسی سے ملنا ہے باہر رہو۔
Who Ever Looks At You Will Laugh.	جو کوئی بھی تمہاری طرف دیکھے گا ہنسے گا۔
Come Here, Who Ever Wants To Go.	جو کوئی بھی جانا چاہتا ہے یہاں آجائے۔

Where Ever

Come Out Where Ever You Are.	تم جہاں کہیں بھی ہو باہر آجاؤ۔
Where Ever You Go.	تم جہاں مرضی چلے جاؤ۔
It Is The Same Where Ever You Live.	تم جہاں مرضی رہو ایک ہی بات ہے۔
Where Ever You Want.	جہاں کہیں بھی تم چاہو۔
Where Ever It Is, Go And Get It.	یہ جہاں کہیں بھی ہے جا کر لاؤ۔
Where Ever She Goes But She Can't Go Out Of My Heart.	وہ جہاں کہیں بھی چلی جائے۔ میرے دل سے باہر نہیں جاسکتی۔

How Ever

How Ever Hard You Try. — خواہ تم کتنی کوشش کیوں نہ کرلو۔

How Ever Strong You Are, I Am Not Afraid Of You. — خواہ تم کتنے ہی مضبوط کیوں نہ ہو میں تم سے نہیں ڈرتا۔

How Ever Beautiful She Is I Won't Marry Her. — چاہے وہ کتنی ہی خوبصورت کیوں نہ ہو میں اس سے شادی نہیں کروں گا۔

Ho Ever Expensive It Is, I'll Buy It. — خواہ یہ کتنی مہنگی کیوں نہ ہو میں اسے خریدوں گا۔

When Ever

When Ever I Go To Pakistan I Do Visit Lahore. — جب کبھی بھی میں پاکستان جاتا ہوں میں لاہور کی سیر ضرور کرتا ہوں۔

When Ever I Come, You Are Sleeping. — جب کبھی میں آتا ہوں تم سو رہے ہوتے ہو۔

When Ever I Am Studying He Comes To Disturb Me. — جب بھی میں پڑھ رہا ہوتا ہوں۔ وہ مجھے تنگ کرنے آجاتا ہے۔

You Can Come When Ever You Like. — تم جب بھی چاہو آسکتے ہو۔

What About

What About You? — تمہارا کیا خیال ہے؟

They Are Coming. — وہ آرہے ہیں۔

What About You? — کیا تم آرہے ہو؟

What About This Shirt? — یہ شرٹ کیسی ہے؟

What About Sitting Here? — یہاں بیٹھنے کے بارے میں کیا خیال ہے؟

What About This Bag? — اس تھیلے کا کیا کریں۔

What About Money? — پیسہ کہاں سے آئے گا۔

What About Going To The Museum. — عجائب گھر جانے کے بارے میں کیا خیال ہے؟

Arabic Is Difficult. — عربی مشکل ہے۔

What About English? — انگلش کے بارے میں کیا رائے ہے؟

About To

I Am About To Leave. — میں جانے والا ہوں۔

What's About To Happen?	کیا ہونے والا ہے۔
Some Guests Are About To Come.	کچھ مہمان آنے والے ہیں۔
They Are About To Change It.	وہ اسے تبدیل کرنے والے ہیں۔
I Was About To Kill Him.	میں اسے قتل کرنے والا تھا۔
The Azaan Is About To Be Recited.	اذان ہونے والی ہے۔
He Is About To Die.	وہ مرنے والا ہے۔
Father's About To Come.	ابو آنے والے ہیں۔

Drill

Mislead	غلط راہ پر لگانا	Mount	چڑھنا
Misname	غلط نام سے پکارنا	Mucus	بلغم، ریشہ
Misstate	غلط بیانی کرنا	Mumble	منہ میں بولنا
Moan	آہ بھرنا	Murder	قتل کرنا
Mob	ہجوم	Mystery	راز
Modest	پاکباز	Moonshine	بے کار منصوبے
Miracle	معجزہ	Mindful	خبردار
Misbehave	بدسلوکی کرنا	Mingle	جوڑنا
Misdoing	کالی کرتوت	Minx	شوخ حسینہ

How Much Do You Know?

جو کچھ بھی آئے لے لو۔ جو کچھ بھی کہتا ہوں تمہیں سمجھ نہیں آتا۔ تم مجھے کیا کھلاؤ گے؟ تم جو کچھ پسند کرو۔ دروازے پر جو کوئی بھی ہو کہہ دو کہ میں باہر گیا ہوں۔ جو کوئی بھی انگلش سیکھتا ہے انگریز بن جاتا ہے۔ میں جہاں کہیں بھی جاتا ہوں وہ میرے پیچھے آجاتا ہے۔ تم جتنا مرضی تیز دوڑ لو وہاں نہیں پہنچ سکتے۔ جب کبھی بھی اسے موت کا خیال آتا ہے۔ وہ آہیں بھرنا شروع کر دیتا ہے۔ چائے پینے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ گھر میں کون آنے والا ہے؟

ENGLISH COURSE 64TH DAY -- انگلش سیکھنے کا چونسٹھواں دن

Want You

I Want You To Learn English.	میں چاہتا ہوں کہ تم انگلش سیکھ جاؤ۔
She Wanted Me To Be A Doctor.	وہ چاہتی تھی کہ میں ایک ڈاکٹر بنوں۔
I Don't Want You To Be Troubled.	میں نہیں چاہتا کہ تمہیں کوئی تکلیف ہو۔
They Want Him To Go Abroad.	وہ چاہتے ہیں کہ وہ باہر کے ملک چلا جائے۔
You Want Me To Fail.	تم چاہتے ہو کہ میں فیل ہو جاؤں۔
Every One Wants To Be Respected.	ہر آدمی چاہتا ہے کہ اس کی عزت ہو۔
Does He Want Me To Die?	کیا وہ چاہتا ہے کہ میں مر جاؤں۔
Did She Want You To Post Her Letter?	کیا وہ چاہتی تھی کہ تم اس کا خط ڈالو۔
What Do You Want Me To Do?	تم مجھ سے کیا چاہتے ہو کہ میں کروں۔

Would Like You

I'd Like You To Say Something.	میں چاہوں گا کہ آپ کچھ کہیں۔
She'd Like You To Cut The Cake.	وہ چاہے گی کہ آپ کیک کاٹیں۔
We'd Like You To Introduce Yourself.	ہم چاہیں گے کہ آپ اپنا تعارف کروائیں۔
I'd Like Her To Sing A Song.	میں چاہوں گا کہ وہ ایک گانا سُنائے۔

Drill

Needy	ضرورت مند	Neddy	گدھا
Neglect	نظر انداز کرنا	Nibble	کترنا
Nasty	گندا۔فحش	Narrow Way	راہ نجات

How Much Do You Know?

میں نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے تم اسے نظر انداز کر دو۔ ہم چاہتے ہیں کہ اسلام ہر جگہ پھیل جائے۔ کیا تم نہیں چاہتے کہ ترقی کروں۔ وہ نہیں چاہتا کہ اس کا بھائی بُری صحبت میں وقت گزرا۔ میں چاہوں گا کہ آپ مجھے کوئی نصیحت کریں۔ وہ چاہے گی کہ آپ اس کا اس کا کام کریں۔ کیا آپ نہیں چاہیں گے کہ میں کوئی نوکری کروں۔

لینگو یج نوٹس: جب آپ کسی سے کوئی کام کروانے کی خواہش رکھتے ہوں تو What کے بعد ہم نے کس سے کام کروانا ہے وہ لگاتے ہیں اور پھر To لگاتے ہیں۔ Want کے بعد ہم That نہیں لگا سکتے جیسے (IWant Tht You Go) غلط

ہے۔ (I Want You To Go) ٹھیک ہے۔ Would Like اسی معنی میں مستقبل کے اندر استعمال کرتے ہیں۔

ENGLISH COURSE 65TH DAY -- انگلش سیکھنے کا پینسٹھواں دن

In Case

If That's The Case.	اگر یہ بات ہے تو۔
In Case Of Any Danger.	خطرے کی صورت میں۔
Take Down My Name In Cased You Forget It	میرا نام لکھ لو اگر تم کہیں بھول گئے ہو۔
I Won't Go Out In Case She Phones.	میں باہر نہیں جاؤں گا اگر کہیں اس کا فون آ گیا تو۔
Tell His Parents In Case He Dies.	اس کے والدین کو بتا دو وہ بالفرض وہ مر جائے تو۔
I Always Keep Two Watches In Case One Stops.	میں ہمیشہ دو گھڑیاں رکھتا ہوں۔ اگر ایک کہیں رک جائے تو۔
Don't Go There In Case He Gets You.	وہاں مت جاؤ اگر کہیں اس نے تمہیں پکڑ لیا تو۔

Wrong With

What Is Wrong With You?	تمہیں کیا ہو گیا ہے؟
What Is Wrong With Your Car?	تمہاری گاڑی کی کیا خرابی ہے۔
Take Jhon With You.	جون کو اپنے ساتھ لے جاؤ۔
What Is Wrong With You?	تمہیں کیا تکلیف ہے؟
The Fan Doesn't Move.	پنکھا نہیں چلتا۔
What Is Wrong With It?	اسے کیا بیماری ہے۔
My Mom's ill.	میری امی بیمار ہیں۔
What Is Wrong With Her?	انھیں کیا مرض ہے؟

How Much Do You Know?

جلدی جلدی سے کھانے کا بھی آرڈر دے دو اگر کہیں وہ آ گیا تو۔ وہ ہمیشہ اپنی گاڑی میں ٹائر رکھتا ہے۔ کہیں ایک پنکچر ہو جائے تو۔ میں روزانہ ورزش کرتا ہوں کہیں مجھے کسی سے لڑنا پڑ جائے تو۔ تمہارے کان کو کیا ہوا ہے۔ تمہارے سائیکل کو کیا ہو گیا ہے۔ تمہارے ساتھ کوئی گڑبڑ ہے۔ تمہاری انگلی کو کیا ہوا ہے کیا کٹ گئی ہے؟

لینگویج نوٹس: In Case کو ہم بالفرض کے معنی میں استعمال کرتے ہیں کہ (اگر یہ صورت حا؛ پیدا ہو گئی تو) یا (ممکن کہ ایسا ہو جائے)

یعنی ایسا ویسا ہونے سے پہلے ہی کوئی احتیاطی تدابیر کر لینی چاہیے۔ Wrong With کسی بھی چیز یا آدمی کے ساتھ کوئی بھی معاملہ ہو اس کے اظہار کے لیے ہم یہ استعمال کرتے ہیں۔

ENGLISH COURSE 66TH DAY -- انگلش سیکھنے چھیاسٹواں دن

Inspite Of / Despite

Despite My Saying She Went There.	میرے کہنے کے باوجود وہ وہاں گئی۔
Inspite Of It I Like.	اس کے باوجود میں تمہیں پسند کرتا ہوں۔
Inspite Of War They Are Friendly.	جنگ کے باوجود وہ دوستانہ ہیں۔
Despite The Rain I Came To Teach.	بارش کے باوجود میں پڑھانے کے لیے آیا۔
Despite My Failure.	اس عزت کے باوجود وہ مجھ سے نفرت کرتا ہے۔
Inspite Of This Respect He Hates Me.	

Already

I Already Learnt My Lesson.	میں نے تو پہلے ہی سبق یاد کر لیا ہے۔
She Already Made All The Arrangments.	اس نے تو پہلے ہی سارے انتظامات کر لئے ہیں۔
I Already Told You.	میں نے تمہیں پہلے ہی بتا دیا تھا۔
They Are Already Ready.	وہ تو پہلے ہی سے تیار ہیں۔

Drill

Notable	مشہور	Nun	گوشہ نشین عورت
Nude	ننگا	Nuzzle	ناک چھیدنا
Audge	کہنی مار کر اشارہ کرنا	Object	اعتراض
Nudity	ننگا پن	Observe	مشاہدہ کرنا
Nominate	نامزد کرنا	Nightmare	ڈراؤنا خواب
Noose	پھانسی لگانا۔ پھندا	Noisy	شور شرابے والا

How Much Do You Know?

اتنی دولت کے باوجود وہ ناخوش ہے۔ اتنے شور والے شہر کے باوجود وہ وہاں رہتا ہے۔ ان تمام سہولیات کے باوجود وہ کام پر نہیں جاتا ہے۔ وہ تو پہلے ہی یہاں آ گئی ہے۔ ہم نے پہلے ہی تمہیں سمجھ لیا تھا۔ وہ پہلے ہی بڑی اداس ہے۔

لینگویج نوٹس: اوپر دیئے ہوئے سبق پر غور کریں Despite کے بعد ہم Of نہیں استعمال کر سکتے اور Inspite اس معنی میں

Of کے بغیر استعمال نہیں ہو سکتا؟ (Desopite This) ٹھیک ہے، (Despite Of This) غلط ہے۔

ENGLISH COURSE 67TH DAY -- انگلش سیکھنے کا سڑسٹھواں دن

Mean

What Do You Mean?	تمہارا کیا مطلب ہے؟
What Does He Mean By That?	اس کا اس بات سے کیا مطلب ہے؟
I Didn't Mean That.	میرا یہ مطلب نہیں تھا۔
I Mean To Please You.	میرا مقصد آپ کی خوشی ہے۔
I Mean You No Harm.	میرا مقصد آپ کو نقصان پہنچانا نہیں ہے۔
What Does It Mean?	اس کا کیا مطلب ہے؟
Does It Mean Anything Wrong?	کیا اس کا مطلب کچھ غلط ہے؟
He Doesn't Mean Well.	اس کے ارادے نیک نہیں ہیں۔

Look Forward To

I Am Looking Forward To The Day.	میں اس دن کا بڑی بے چینی سے انتظار کر رہا ہوں۔
He Is Looking Forward To Marrying.	وہ شادی کرنے کا بے چینی سے انتظار کر رہا ہے۔
Are You Looking Forward To Holidays.	کیا تم چھٹیوں کا شوق سے انتظار کر رہے ہو۔
We Are Looking Forward To Your Health.	تمہاری صحت کا ہم بڑی محبت سے انتظار کر رہے ہیں۔

Drill

Offer	پیش پیش کرنا	Option	اختیار
Omen	شگون	Orphan	یتیم
Omit	چھاوڑ دینا	Owner	مالک
Oppose	مخالفت کرنا	Owe	مقروض ہونا
Occasing	موقع	Obstinate	ضدی
Occupy	قابض ہونا	Obtain	حاصل کرنا

How Much Do You Know?

تمہارے کہنے کا کیا مطلب ہے۔ تمہارا ارادہ ہمیں تباہ کرنے کا تھا۔ تمہارا اس سے کیا مطلب ہے؟ میرا مطلب ہے کہ تم ایسا نہ کرو۔ وہ بڑی بے صبری سے اسی میلے کا انتظار کر رہا ہے۔ میں ان دنوں کا عقیدت سے انتظار کروں گا۔

لینگویج نوٹس: Look Forward To کسی چیز کا جب آپ شوق سے انتظار کر رہے ہوں تب استعمال ہوتا ہے۔ یاد رہے اس معنی میں اس کے ساتھ To کے بعد ing اگر فعل ہو تو آنا لازمی ہوتا ہے۔ (I Look Forward To Meet Him) غلط ہے۔ یہاں Meeting آئے گا۔

ENGLISH COURSE 68TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اڑسٹھواں دن

Pardon

Pardon Me Please.	مجھے معاف کیجیے (آپ نے جو کہا مجھے سمجھ نہیں آیا)
God Pardon You.	خدا تمہیں معاف کرے۔
My Sins Are Not Pardonable.	میرے گناہ قابل معافی نہیں ہیں۔
I Beg You Pardon.	میں آپ سے معافی چاہتا ہوں۔
Will You Please Pardon Me?	کیا آپ ذرا مجھے معاف کریں گے۔

Excuse

Excuse Me Sir,	جناب معاف کیجیے۔
Excuse His Rudenss.	اس کی گستاخی معاف کر دیجیے۔
Don't Make Excuses.	بہانے مت بناؤ۔
Excuse Me From This Duty.	مجھے اس فرض سے علیحدہ کرد۔
Excuse Me My Coming Late.	مجھے میرا دیر سے آنا معاف کیجیے گا۔

Afraid

Don't Be Afraid.	ڈرو مت۔
I Am Not Afraid Of Any One.	میں کسی سے نہیں ڈرتا۔
Are You Afraid Of Dogs?	کیا تمہیں کتوں سے ڈر لگتا ہے۔
I Am Afraid, I Can't Help You.	مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا۔
I Am Afraid She'll Beat You.	مجھے ڈر ہے کہ وہ تمہیں مارے گی۔

Drill

Panic	خوف و ہراس	Passion	جذبہ۔ محبت
Paradise	جنت	Patch	پیوند لگانا
Pardon	معافی	Patience	برداشت

Pase	چھیلنا	Patriotic	محبّ الوطن
Passage	سفر	Patron	سر پرست
Palpitate	دھڑکنا	Pace	چال
Pangs	ٹیسیں	Pain	درد
		Palace	محل

ENGLISH COURSE 69TH DAY -- انگلش سیکھنے کا انہتروں دن

Along

Come Along... Boys — بچو۔۔۔آ جاؤ

I Met Her Along Door Last. — آخری بار میں اسے دروازے کے ساتھ ملا۔

Will You Come Along? — کیا تم ساتھ آؤ گے؟

What - Like

What Is The Weather Like? — موسم کیسا ہے؟

What Is Your New Baby Like? — تمہارا نیا بچہ کیسا ہے؟

What Is Life Like In Lahore? — لاہور میں زندگی کیسی ہے؟

What Is Your Father Like? — تمہارا ابو دیکھنے میں کیسا ہے؟

I Want A Car. — مجھے ایک کار چاہیے۔

Like What? What Like? — کسی طرح کی۔کیسی؟

What If

What If I Want There. — کیا ہوا اگر میں وہاں چلا گیا۔

What If She Says No. — کیا ہوگا اگر وہ نہ کر دے گی۔

What If It Is Raining. — کیا ہوا اگر بارش ہو رہی ہے۔

What If She Doesn't Come. — کیا ہوا اگر وہ نہیں آئے گی۔

What If I Failed. — کیا ہوا اگر میں ناکام ہو گیا۔

What If You Can't Speak English. — کیا ہوا اگر تم انگلش نہیں بول۔

Drill

Pending	بقایا	Permit	اجازت دینا
Perform	ادا کرنا	Persist	اصرار
Paw	پنجہ	Persuade	پھسلانا، ترغیب دینا
Pawn	گروی رکھنا	Pert	شوخ
Pay	ادا کرنا	Penance	کفارہ
Peek	جھانکنا	Pendant	ہار

How Much Do You Know?

تمہارا کالج کس طرح کا ہے؟ یہ تو محل جیسا ہے۔ وہاں لوگ کس طرح کے ہیں؟ وہ پاکستانیوں جیسے نہیں ہیں۔ بلکہ ذرا مختلف ہیں۔ کیا ہوگا اگر وہ مجھے نوکری سے نکال دے گا۔ کیا ہوا اگر میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ کیا ہوا اگر میں غریب ہوں۔ کیا ہوا اگر یہ مشکل ہے۔ کیا ہوا جو میں نے تمہاری لے لی۔ کیا ہوا اگر میں یہاں آ گیا۔

ENGLISH COURSE 70TH DAY -- انگلش سیکھنے کا سترواں دن

After

Time After Time. — بار بار

After All My Care. — میری تمام حفاظت کے باوجود۔

Let's Go.... After You. — چلو چلتے ہیں۔۔۔۔ پہلے آپ۔

Go Inquire After His Health. — جاؤ اس کی خیریت دریافت کرو۔

Five Days After That. — اس کے پانچ دن بعد

Because Of

It Is All Because Of You. — یہ سب تمہاری وجہ سے ہے۔

I Couldn't Come Because Of The Rain. — بارش کی وجہ سے میں نہ آ سکا۔

Because Of Not Having Money. — پیسے نہ ہونے کی وجہ سے۔

Because Of Not Raining. — بارش نہ ہونے کی وجہ سے۔

He Was In Sulted Because Of Me. — میری وجہ سے اس کی بے عزتی ہوئی۔

I Am Sick Because Of This. — میں اس کی وجہ سے تنگ آ گیا ہوں۔

So

She Is Sick So She Can't Come. — وہ بیمار ہے اس لیے نہیں آ سکتی۔

I Am Busy So I Can't Meet You.	میں مصروف ہوں اس لیے میں تم سے نہیں مل سکتا۔
She Is A Doctor	وہ ایک ڈاکٹر ہے۔
So Am I.	میں بھی ڈاکٹر ہوں۔
He Goes To Work.	وہ کام پر جاتا ہے۔
So You Are A Teacher.	اچھا تو آپ ایک استاد ہیں۔
So You Are His Friend.	اچھا تو آپ اس کے دوست ہیں۔

Drill

Pinch	چٹکی لینا	Ply	چلانا
Playful	زندہ دل	Pock	چھالہ
Plot	سازش	Poison	زہر
Pill	گولی	Pester	تنگ کرنا
		Pile	ڈھیر

How Much Do You Know?

بس میں تم لوگوں کی وجہ سے یہاں کام کرتا ہوں۔ یہ دنیا نیک لوگوں کی وجہ سے قائم ہے۔ان حرکتوں کی وجہ سے تمہیں کوئی پسند نہیں کرتا۔ وہ کمزور ہے اسی لیے تیز بھاگ نہیں سکتا۔ وہ کھیلتا ہے اس کا بھائی بھی کھیلتا ہو۔ اچھا تو آپ یہاں رہنا چاہتے ہیں۔کیا آپ یہاں رہتے ہیں۔ میں بھی یہیں رہتا ہوں۔اس شور کی وجہ سے۔

لینگوئیج نوٹس:So کا معنی بھی ہوتا ہے لیکن یہ زیادہ تر چھوٹے جملوں میں بولا جاتا ہے۔اس کے لیے So کے بعد فعل کا آنا ضروری ہے اور فعل بھی پہلے جملے کے مطابق لاگایا جاتا ہے جیسے کہ تیسرے جملے میں Is لگا ہے اور جواب بھی So Am I دیا گیا ہے۔

ENGLISH COURSE 71TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اکہتر واں دن

Spend

He Spent A Lot Of Money.	اس نے بہت سی رقم خرچ کی۔
How Did You Spend Your Holiday?	تم نے اپنی چھٹی کیسے گزاری۔
I Spend My Time Working.	میں اپنا وقت کام کرنے میں خرچ کرتا ہوں۔
He Spends His Time Traveling.	میں اپنا وقت سفر میں گزارتا ہوں۔
I Spend Most Of My Time Reading Books.	میں اپنا زیادہ تر وقت پڑھنے میں خرچ کرتا ہوں۔
All My Money Is Spent.	میرے تمام پیسے خرچ ہو گئے ہیں۔
Don't Spend Much Money.	زیادہ پیسے خرچ مت کرنا۔

Busy

Get Busy Eating.	کھانا شروع کردو۔
I Am Busy With My Work.	میں اپنے کام میں مصروف ہوں۔
She Is Busy smoking.	وہ سگریٹ پینے میں مصروف ہے۔
Are You Busy Getting Ready?	کیا آپ تیار ہونے میں مصروف ہیں۔
Busy Yourself.	مصروف ہو جاؤ۔
He Is Very Busy.	وہ بہت مصروف ہے۔
I Was Busy Ready.	میں پڑھنے میں مصروف تھا۔

Drill

Polite	شائستہ	Precious	قیمتی
Polute	آلودہ کرنا	Prefer	ترجیح دینا
Pollution	آلودگی	Pregnant	حاملہ
Prayerless	بے نمازی	Postpone	ملتوی کرنا
		Pray	دعا مانگنا

How Much Do You Know?

بچے زیادہ وقت کھیلنے میں گزارتے ہیں۔ وہ نہانے میں بڑا وقت گزارتا ہے۔ میں اپنا زیادہ تر وقت کتابیں لکھنے میں گزارتا ہوں۔ وہ اپنے میچ میں مصروف ہے۔ کیا تم کچھ لکھنے میں مصروف ہو۔ وہ ہر وقت کھانے میں مصروف رہتا ہے۔ اس نے اپنا زیادہ تر وقت سیر و تفریح کرنے میں گزارا۔ وہ پیسے گننے میں مصروف ہے۔ وہ اپنے کھلونوں میں مصروف ہے۔

ENGLISH COURSE 72TH DAY -- انگلش سیکھنے کا بہترواں دن

Beneath

It's Beneath Me To Do It.	ایسا کرنا میری شان کے خلاف ہے۔
It's Beneath Him To Talk To Me.	مجھ سے بات کرنا وہ اپنی توہین سمجھتا ہے۔
My Ring Disappeared Beneath The Water.	میری انگوٹھی پانی کے نیچے غائب ہوگئی ہے۔

Just

That Is Just What I Was Going To Say.	میں بس یہی تو کہنے لگا تھا۔
Just My Luck.	میری قسمت ہی ایسی ہے۔

Just The Thing.	بس اسی چیز کی تو مجھے تلاش تھی۔
It Is Just 2'o Clock.	ٹھیک دو بج گئے ہیں۔
I Just Came.	میں ابھی آیا ہوں۔
Come Here Just As You Are.	یہاں آؤ تم بالکل جیسے بھی ہو۔
Put It Just There.	اسے بالکل وہاں رکھ دو۔
Just Look At Me.	ذرا میری طرف دیکھو۔
I Came Here Just To See You.	میں یہاں بس تمہیں دیکھنے کے لیے آیا ہوں۔
We Are Just Off.	بس ابھی چلتے ہیں۔

Facing - Infront Of

She Is Nothing In Front Of Me.	میرے سامنے وہ کچھ نہیں ہے۔
Who Is That In Front Of You?	تمہارے سامنے کون ہے۔
Stand Facing Me.	میری طرف منہ کر کے کھڑے ہو جاؤ۔
In Front Of The Building.	عمارت کے سامنے۔
We Were Facing Each Other.	ہم ایک دوسرے کے سامنے کھڑے تھے۔
There Is A Garden In Front Of My House.	میرے گھر کے سامنے ایک باغ ہے۔
She Was Working But Facing Me.	وہ کام کر رہی تھی۔لیکن دھیان میری طرف تھا۔

Drill

Pretty	خوبصورت	Prevent	بچانا
Prevail	چھا جانا	Priest	پادری
Prey	شکار	Privacy	خلوت
Prick	چھبونا	Procession	جلوس
Pretence	بہانے بازی	Prepare	تیار کرنا
Pretend	بہانہ کرنا	Preserve	محفوظ کرنا

ENGLISH COURSE 73TH DAY -- انگلش سیکھنے کا تہترواں دن

Ask

اس کا مطلب پوچھنا ہوتا ہے۔اس کے بعد Preposition نہیں آتی جیسے He Ask Me ٹھیک ہے۔مگر (He Asked To Me) کہنا غلط ہوگا۔ Ask کا ایک اور مطلب بھی ہوتا ہے۔(کسی سے کہہ کر کوئی کام کروانا)۔ایک مثال یہ ہے۔As Him To Make Tea اسے کہو کہ وہ چپ رہے۔اس کو بنانے کے لیے Ask کے بعد جس سے کام کروانا ہے وہ لگاتے ہیں پھر To اور فعل کی پہلی حالت لگاتے ہیں۔

Suppose

Let's Suppose He Has Come.	دیکھو فرض کرو کہ وہ آ گیا ہے۔
I Suppose You Are Right.	میرے خیال میں تم ٹھیک کہتے ہو۔
What Do You Suppose He Is Doing?	تمہارے خیال میں وہ کیا کر رہا ہے؟
Supposing It Rains.	اگر بارش ہوگئی تو؟
Suppose He Comes Back.	فرض کرو کہ وہ واپس آ جائے۔
She Supposed Me To Be A Rogue.	میں تو ایسا سوچ بھی نہیں سکتا۔
It Can Not Be Supposed.	ایسا ممکن نہیں ہے۔

Good For - At

It Is Not Good For You.	یہ بات تمہارے لئے اچھی نہیں ہے۔
Apple Is Good For Health.	سیب صحت کے لئے اچھا ہوتا ہے۔
He Is Good At English.	وہ انگلش میں بہت اچھا ہے۔
She Is Very Good At Making Excuse.	وہ بہانے بنانے میں بڑی ماہر ہے۔
You Are Good At Playing Cricket.	تم کرکٹ کھیلنے میں اچھے ہو۔

Drill

Provide	مہیا کرنا	Provoke	اشتعال دلانا
Prohibit	منع کرنا	Prude	نیکسی لڑکی
Prosper	خوشحال	Puberty	شباب
Prostitute	طوائف	Protest	اعتراض
		Proverb	کہاوت

How Much Do You Know?

تمہارے خیال میں میں کون ہوں؟ فرض کرو اگر تمہیں کوئی سیٹ نہ ملے تو۔ ایسامت سوچو۔ وہ انگلش بولنے میں بڑا اچھا ہے۔ تم لوگ باتیں کرنے میں اچھے ہو۔ پڑھنے میں نہیں۔ وہ نعتیں پڑھنے میں بڑا اچھا تھا۔ سگریٹ نوشی آدمی کے لئے اچھی نہیں ہے۔ بُری عادتیں شخصیت کے لئے اچھی نہیں ہیں۔

ENGLISH COURSE 74TH DAY -- انگلش سیکھنے کا چوہترواں دن

Till

From Morning Till / To Evening. — صبح سے شام تک۔

I'll Ask You Out Till Your Yes. — تمہارے منہ سے ہاں نکلنے تک میں تم سے پوچھتا رہوں گا۔

I Am Busy Till 7'O Clock. — میں سات بجے تک مصروف ہوں۔

Stay Here Till Come Back. — مرے واپس آنے تک یہیں رہنا۔

Sopposed To

I Am Supposed o Be Learned. — مجھے ایک عالم تصور کیا جاتا ہے۔

He Is Supposed To Be Powerful. — اسے طاقتور تصور کیا جاتا ہے۔

She Is Supposed To Be A Girl. — اسے ایک لڑکی خیال کیا جاتا ہے۔

What Is It Supposed To Be? — اسے کیا خیال کیا جاتا ہے؟

You Are Not Supposed To Be Here. — تمہیں یہاں نہیں ہونا چاہیئے۔

I Am Supposed To Take Off My Shoes But. — مجھ پر لازم ہے کہ میں جوتے اتاروں مگر۔۔

Believed To

He Is Believed To Be A Plyer. — وہ ایک کھلاڑی مانا جاتا ہے۔

Imran Khan Is Believed To Be The Fastest Bowler. — عمران خان تیز ترین باؤلر مانا جاتا ہے۔

He Is Believed To Be A Rogue In The City. — شہر میں وہ ایک بدمعاش مانا جاتا ہے۔

Known To

I Am Known To Be A Teacher. — میں استاد کے طور پر مشہور ہوں۔

She Is Known To Be A Street Walker. — وہ آوارہ گرد کی حیثیت سے جانی جاتی ہے۔

Are You Known To Be A Professor Here? — کیا آپ یہاں پروفیسر کے طور پر جانے جاتے ہیں؟

Drill

Quench	پیاس بُجھانا	Quest	جستجو
Pud	مُٹھی	Quilt	رضائی۔سینا
Pulse	نبض	Quip	طعنہ دینا
Punk	فاحشہ	Puzzle	پریشان کرنا
		Quarrel	جھگڑنا

Say / Tell

Say کا مطلب (کہنا) ہوتا ہے اس کے بعد اگر مفعول ہو تو To ضرور آئے گا جیسے He Said Me غلط ہے۔جبکہ (He Said To Me) صحیح ہے۔Tell کا مطلب ہوتا ہے (بتانا) اس کے بعد عام طور پر مفعول آنا ضروری ہوتا ہے جیسے Tell - He Told Me کے بعد مفعول آتا ہے اور درمیان میں کچھ نہیں آ سکتا جیسے I Told Him ٹھیک ہے۔مگر I Told To Him غلط ہے۔لیکن اس صورت میں ٹھیک ہوگا۔ I Told Him To Go میں نے اسے جانے کے لیے کہا۔

ENGLISH COURSE 75TH DAY -- انگلش سیکھنے کا پچھترواں دن

Lest

Run Fast Lest He Should Get You.	تیز بھاگو کہیں وہ تمہیں پکڑ نہ لے۔
Lest You Should Have To Go There.	کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہیں وہاں جانا پڑے۔
Lest I Fail.	کہیں میں ناکام نہ ہو جاؤں۔
Work Hard Lest You Should Get Behind.	محنت کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ تم پیچھے رہ جاؤ۔
Come Down, Lest You Fall.	نیچے آ جاؤ کہیں ایسا نہ ہو کہ تم گر جاؤ۔
Write I Down Lest You Should Forget It.	اسے لکھ لو کہیں ایسا نہ کہ تم بھول جاؤ۔

Nice Of - Good Of

It Is Nice Of You To Help Me.	آپ کی مہربانی کہ آپ نے میری مدد کی۔
It Is Nice Of Them To Wait.	ان کی مہربانی کہ انہوں نے انتظار کیا۔
So Nice Of You.	آپ کی بڑی نوازش۔
It Is Nice Of Me Forgive You.	میری مہربانی ہے کہ میں نے تمہیں معاف کیا۔
What Is Good Of It?	اس کا کیا فائدہ ہے؟
What Is Good Of Computer?	کمپیوٹر کا کیا فائدہ ہے؟

It Is Good Of You To Come Here.	آپ کی نوازش کہ آپ یہاں آئے۔

Drill

Rake	خوانچہ	Rapid	تیز
Ramble	آوارہ گردی کرنا	Rare	نایاب
Rape	عزت لوٹنا	Rear	پچھلا حصہ
Rage	غصہ	Quirk	جگت
		Quit	چھوڑنا

How Much Do You Know?

اسے چھپالو کہیں وہ دیکھ نہ لے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ آوارہ گردی کرنا شروع کردے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں تمہاری شکایت کردوں۔ آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے یاد کیا۔ تمہارا یہاں فائدہ کیا ہے؟ آپ کی نوازش کہ آپ نے مجھے بچالیا۔ آخر اس کا کیا فائدہ ہے؟ بڑی نوازش کے آپ نے میری عزت بچالی۔ بڑی مہربانی آپ نے مجھے کچھ پیسے دیئے۔

ENGLISH COURSE 76TH DAY -- انگلش سیکھنے کا چھیترواں دن

Below

Write Below The Line.	لائن سے نیچے لکھو۔
Never Wear Your Shalwar Below The Ankles.	کبھی بھی ٹخنوں سے نیچے شلوار نہ پہنو۔
It's Below Him Or Live Here.	یہاں رہنا وہ اپنی شان کے خلاف سمجھتا ہے۔
I Married Below / Above My Station.	میں نے اپنے سے کم یا اونچے گھرانے میں شادی کی۔

Keep

Keep Away From Me.	مجھ سے دور رہو۔
Keep Your Wings Down.	زیادہ پھنے خاں مت بنو۔
Keep Out.	اندر مت آؤ۔
How Are You Keeping?	تمہاری صحت کیسی ہے؟
She Keeps Dogs.	وہ کتے رکھتی ہے۔
I Have To Keep My Children.	مجھے اپنے بچے پالنے پڑتے ہیں۔
Keep Him Happy.	اسے خوش رکھو۔
He Doesn't Earn His Keep.	وہ اپنی روزی نہیں کماتا۔

He Keeps Speaking.	وہ بولتا رہتا ہے۔
I Keep Teaching All Day.	میں سارا دن پڑھتا رہتا ہوں۔
She Keeps Yapping.	وہ بکواس کرتی رہتی ہے۔
It Keeps Rainning Here.	یہاں بارش ہوتی رہتی ہے۔
I Kept Waking All Night.	میں ساری رات جاگتا رہا۔
What Do You Keep Doing?	تم کیا کرتے رہتے ہو؟
He'll Keep Laughing.	وہ ہنستا رہے گا۔
You Keep Begging Every Time.	تم ہر وقت مانگتے رہتے ہو۔

Drill

Recite	ذکر کرنا	Reduction	کمی
Recover	صحت یاب کرنا	Refer	حوالہ دینا
Reduce	کم کرنا	Reform	اصلاح کرنا
Receive	قبول کرنا	Rebel	باغی
		Rebuke	جھڑکنا

How Much Do You Know?

وہ سارا دن روتا رہتا ہے۔تم ہر وقت پڑھتے رہتے ہو۔وہ ساری رات اللہ کا ذکر کرتا رہا۔اب وہ اپنے بیٹے کو جھڑکتا رہے گا۔باپ ساری زندگی اپنے بچوں کی اصلاح کرتا رہتا ہے۔وہ گانا گاتا رہا۔ہم اس کی باتیں سنتے رہے۔کیا تم ایسے ہی اپنی دولت ضائع کرتے رہو گے۔ کل تم کیا کرتے رہے۔تم ہر وقت ہنستے کیوں رہتے ہو۔میں سارا دن کھڑا رہتا ہوں۔کتے بھونکتے رہتے ہیں۔وقت گزرتا رہتا ہے۔ کیا تم سارا دن سوتے رہتے ہو۔تم ساری رات کیا پڑھتے رہے۔وہ گالیاں بکتا رہتا ہے۔تم سارا دن کہاں بیٹھے رہے۔

لینگوئج نوٹس: کسی بھی جملے میں تسلسل کو بیان کرنے کے لیے Keep لگایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ing فعل کی پہلی حالت کے ساتھ آتی ہے جیسے کہ نویں جملے سے ظاہر ہے اس کی نشانی میں عام طور پر کوئی کام کرتا رہتا ہوں، کرتا رہتا تھا، رہوں گا، رہتی ہے۔وغیرہ

ENGLISH COURSE 77TH DAY -- انگلش سیکھنے کا سترواں دن

Hell

Go To Hell.	جہنم میں جاؤ۔
I Gave Him Hell.	میں نے اسے خوب نقصان پہنچایا۔
He Ran Like Hell.	وہ بہت تیز بھاگا۔
For The Hell Of It.	کسی خاص مقصد کے لیئےنہیں (صرف مزے کے لیے)
Ridw Hell For Leather.	جتنی جلدی ممکن ہو سکے۔
Hellish	جہنمی۔
Who The Hell Told You That?	تمہیں ایسا کس کمبخت نے بتایا۔
What The Hell Told Are you?	تم کمبخت کیا مصیبت ہو۔
Hell Eith It.	جہنم میں جاؤ۔ دفع کرو اسے۔
Sure As Hell.	پکا یقین۔
What The Hell Is This?	یہ کیا مصیبت ہے۔
The Hell He Goes To School.	وہ خاک سکول جاتا ہے۔

Touch

No Body Touch It.	اسے کوئی ہاتھ نہ لگائے۔
How Do I Touch You?	میں تمہیں کیسا لگتا ہوں؟
She Touches Me Nice.	وہ مجھے اچھی لگتی ہے۔
How Did The Movie Touch You?	تمہیں فلم کیسی لگی؟
How Does She Touch You?	وہ تمہیں کیسی لگتی ہے؟
I Haven't Touched Any Thing For 3 Days.	میں نے تین دنوں سے کچھ نہیں کھایا پیا۔
That Doesn't Touch Me.	اس کا مجھ سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔
Just Touch The Point.	بس مطلب کی بات کرو۔
It Was A Near Touch.	میں تو بال بال بچا ہوں۔
You Can't Touch Me In English.	تم انگلش میں میرا مقابلہ نہیں کر سکتے۔
You Seem To Be A Little Touched.	تم ذرا پاگل لگتے ہو۔

Drill

Regret	افسوس ہونا	Remain	رہنا
Religion	مذہب	Remind	یاد کرانا
Relish	مزا، لذت	Rent	کرایہ
Refund	واپس	Refrain	اجتناب
		Refuge	پناہ

ENGLISH COURSE 78TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اٹھترواں دن

Flat

Our Street Is Flat.	ہماری گلی ہموار ہے۔
Oh, The Tyre Is Flat.	بھئی ٹائر کی تو ہوا نکلی ہوئی ہے۔
Life Seems Flat To Me.	زندگی میرے لیے بے رنگی لگتی ہے۔
Our New Teacher Is Flat.	ہمارا نیا استاد کوئی دلچسپ نہیں ہے
All His Tricks Fell Flat.	اس کی تمام چالاکیاں مدہم پڑ گئیں
I Gave Him Flat Refusal.	میں نے تو اسے صاف انکار کر دیا۔
He Told Me Flat.	اس نے مجھے صاف صاف کہہ دیا۔
I Am Flat Broke.	میں تو بالکل کنگلہ ہوں۔
Market Is Flat.	دھندا مندا جا رہا ہے۔
This Building Is Flat.	یہ عمارت گر گئی ہے۔
I Knocked Him Flat In 3 Minutes.	میں نے تین منٹوں میں اسے چپ کر دیا۔
Every Thing Is Flat Now.	اب سب کچھ برباد ہو گیا ہے۔
Flat Nosed.	چپٹی ناک والا۔
I Was Flat On The Cot.	میں چارپائی پر لیٹا ہوا تھا۔

Drill

Repair	مرمت کرنا	Reward	صلہ دینا
Reply	جواب دینا	Rid	چھٹکارا پانا

Repute	چال چلن	Risk	خطرہ
Rebuke	جھڑکنا	Ride	سواری کرنا
Rescue	چھڑانا	Rite	رسم
Reserve	مخصوص کروانا	Roam	گھومنا۔پھرنا
Resign	چھوڑ دینا	Rob	لوٹنا
Resound	گونجنا	Rogue	بدمعاش
Respond	جواب دینا	Rumour	افواہ
Restriction	پابندی	Rush	جھپٹ
Return	واپس آنا	Rust	زنگ
Reveal	فاش کرنا	Rustu	زنگ آلود
Revenge	بدلا لینا	Runaway	مفرور
Revolution	انقلاب	Sack	بوری
Sacking	لوٹ مار	Sacred	پاک

ENGLISH COURSE 79TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اناسیواں دن

Toward - - - Towards

Towards 4'O Clock I Got Free. چار بجتے بجتے میں فارغ ہو گیا۔

He Ran Towards The Man. وہ اس آدمی کی طرف بھاگا۔

Towards The Sky. آسمان کی طرف۔

Towards The Evening. شام کے قریب قریب۔

Although - Yet

Although I Ampoor Yet Open Hearted. حالانکہ غریب ہوں لیکن کھلے دل کا مالک ہوں۔

Although It Was Raining I Came. حالانکہ بارش ہو رہی تھی لیکن پھر بھی میں آیا تھا۔

Although It Is Difficult I'll Do It. حالانکہ یہ مشکل ہے لیکن پھر بھی میں اسے کروں گا۔

Although He Is Home Yet Says That He Is Not. حالانکہ وہ گھر پر ہے۔لیکن پھر بھی کہتا ہے کہ وہ گھر پر نہیں ہے۔

So That

I Come Here So That I Can Learn Something — میں یہاں آتا ہوں تا کہ کچھ سیکھ سکوں۔

He Went To The USA So That He Could Get A PHD. — وہ یوایس اے گیا تا کہ پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کر سکے۔

I Learn English So That I Can Preach Islam. — میں انگلش سیکھتا ہوں تا کہ اسلام کی تبلیغ کر سکوں۔

She Entertained Me So That She Could Get Some Money. — اس نے میری خاطر تواضع کی تا کہ کچھ پیسے نکلوا سکے۔

Drill

Savage	وحشی	Scatter	بکھیرنا
Scandal	بدنامی	Schooling	پڑھائی
Scare	ڈرانا	Scorn	حقارنا
Satisfy	مطمئن کرنا	Sanction	منظوری دینا
		Sapid	لذیذ

How Much Do You Know?

حالانکہ وہ بیمار ہے لیکن پھر بھی کام کرتا رہتا ہے۔ حالانکہ وہ بے وقوف ہے لیکن پھر بھی میں اس سے نبھا کرتا ہوں۔ ہم کھانا کھاتے ہیں تا کہ اپنی بھوک ختم کر سکیں۔ اسے پیسے کی ضرورت ہے تا کہ وہ اپنا کاروبار شروع کر سکے۔ میں کتابیں لکھتا ہوں تا کہ لوگوں کو صحیح انگلش فراہم کر سکوں۔ وہ روتی ہے تا کہ ہمدردی حاصل کر سکے۔ وہ جاگتا رہا تا کہ اپنے مال کی حفاظت کر سکے۔

لینگویج نوٹس: Although کے بعد Yet عام طور پر غیر ضروری ہوتا ہے۔ چونکہ پاکستانی پروفیسر اس پر زور دیتے ہیں اور اگر ان جملوں میں Yet نہ لگایا جائے تو غلط کر دیتے ہیں۔ اس لیے معلومات کے لیے اس سبق میں Yet کے ساتھ بھی دو مثالیں دی گئی ہیں۔ So That کا مطلب ہوتا ہے (تا کہ) اور یہ مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے اس کے ساتھ حال میں Can اور ماضی میں Could لگاتے ہیں۔

ENGLISH COURSE 80TH DAY -- انگلش سیکھنے کا اسیواں دن

Been To

Have You Ever Been To The USA?	کیا آپ نے بھی امریکہ کی سیر کی ہے؟
I Have Never Been To Pakistan.	میں نے پاکستان کی کبھی سیر نہیں کی۔
She Has Been To England Twice.	وہ دوبارہ انگلینڈ ہو کر آئی ہے۔
Has He Been To Lahore Before?	کیا وہ پہلے لاہور ہو کر گیا ہے؟
You Have Never Been To London.	تم نے کبھی بھی لندن کی سیر نہیں کی ہے۔

Been

Where Have You Been?	تم کہاں رہے ہو؟
I Have Been With My Brother.	میں اپنے بھائی کے ساتھ رہا ہوں۔
She's Been My Friend.	وہ تو میری دوست رہی ہے۔
Mr.Naeem Has Been My Teacher.	مسٹر نعیم میرے استاد رہے ہیں۔
I Have Been In My Room All Day.	میں سارا دن اپنے کمرے میں رہاوں۔
Who's Been Here?	یہاں سے کون ہو کر گیا ہے؟
He's Been In Islamabad For 3 Years.	وہ تین سال اسلام آباد رہا ہے۔
